Human Resources Administration
Department of Social Services

کمیونٹی رہنما برائے

# HRA سرکاری مراعات

# برائے مہاجرین



ہجرت کی کیفیت کے قطع نظر نیو یارک کے رہائشیوں کو

# کونسی خدمات دستیاب ہیں؟

نیو یارک شہر کے کئی مہاجرین مختلف خدمات سے مستفید ہوسکتے ہیں۔ مندرجہ ذیل فہرست میں ہجرت کی کیفیت کے قطع نظر نیو یارک کی رہائشیوں کو دستیاب خدمات شامل ہیں۔ ان میں سے چند خدمات HRA کی طرف سے فراہم کی گئی ہیں؛ باقی نہیں فراہم کی جاتی ہیں۔ ممکن ہے کہ مہاجرین کے لیے دیگر خدمات دستیاب ہوں جو اس کتابچے میں درج نہ ہوں۔

مندرجہ ذیل خدمات سے متعلق مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے 311 پر کال کریں۔

### تحفظ اور بہبود

- پولیس اور آگ سے بچاؤ
- زہر کے کنٹرول کی ہاٹ لائن
- محکمہ برائے امور صارفین کے ذریعے فریب دہی کے خلاف تحفظ
- امتیاز کے خلاف انسانی حقوق کی کمیشن کا تحفظ
- محکمہ برائے پارکس اور تفریحی خدمات اور سہولیات
- عوامی نقل و حمل

### صحت اور انسانی خدمات

- ۱۹ سال سے کم عمر کے بچے ریاست کے اطفال کے ہیلتھ پلس کے پروگرام کے تحت صحت کے بیمے کے لیے اہل ہیں
- بالغ افراد میڈیکیڈ پروگرام کے تحت ہنگامی طبی بیماریوں کے علاج کے لیے کوریج کے اہل ہوسکتے ہیں
- ہنگامی طبی علاج، بشمول امبولینس کی خدمت
- میڈیکیڈ کے پروگرام کے ذریعے حاملہ خواتین کے لیے حمل کے دوران دیکھ بھال
- حمل کے دوران دیکھ بھال موصول کرنے والی خواتین خاندانی منصوبہ بندی کی توسیع کے پروگرام کے ذریعے حمل کے بعد بھی مفت منصوبہ بندی کی خدمات سے فائدہ اٹھا سکتی ہیں
- صحت کی دیکھ بھال سرکاری ہسپتال (نیو یارک شہر کے صحت ہسپتال اور کارپوریشن یا HHC) اور وفاقی طور پر اہل کمیونٹی صحت کے مراکز پر دستیاب ہے
- گھریلو تشدد کے لیے معاونت کی خدمات
- ٹیکے
- HIV کی جانچ اور مشاورت
- ہنگامی پناہ
- اشیائے خوردونوش سے تعلق رکھنے والی معاونت کی خدمات
- بچوں کے بہبود اور رضاعی دیکھ بھال کی خدمات
- اسکول میں ناشتے اور دوپہر کے کھانے کے پروگرام
- محکمہ برائے سن رسیدگی کے سن رسیدگی کی خدمات اور سن رسیدگی افراد کے مراکز کے پروگرام

### تعلیم

- عوامی اسکول میں تعلیم
- عوامی لائبریری کی خدمات اور خصوصی تقریبات

برائے مہربانی اس بات سے باخبر رہیں کہ اس رہنما کا مقصد عوام الناس کو **HRA** کے پروگراموں کے متعلق بنیادی معلومات کی فراہمی ہے۔ **HRA** کے پروگرام کی اہلیت کا تعین کرنے کے لیے، برائے مہربانی اس رہنما میں موجود نمبر یا ویب سائٹ کے ذریعے پروگراموں سے رابطہ کریں۔

مہاجر گاہکوں کے لیے دستیاب HRA خدمات کے متعلق

# عمومی سوالات

**انگریزی اچھی نہ بول پانے کی صورت میں شہر کی خدمات کی درخواست کس طرح دی جاسکتی ہے؟**

شہر کی تمام ایجنسیوں میں ترجمانی کی خدمات بالکل مفت ہیں، جن میں HRA بھی شامل ہے۔ آپ کی انگریزی اچھی نہ ہونے کے باوجود بھی وفاقی، ریاستی اور مقامی قوانین کے تحت آپ خدمات حاصل کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ مفت لسانی خدمات کی اقسام: (1) HRA کی سائٹوں پر فون کے ذریعے فراہم کردہ ترجمانی کی خدمات 170 سے زائد زبانوں میں دستیاب ہیں۔ (2) جہاں ممکن ہو، وہاں ذولسانی عملہ ترجمانی کرسکتا ہے۔(3) ایسے افراد کے گھر ترجمان بھیجے جاسکتے ہیں جو اپنے گھر سے نکلنے سے قاصر ہوں۔ (4) ترجمہ شدہ دستاویزات: مقامی قانون نمبر 73 کے تحت شہر کے کئی دستاویزات کی چھ زبانوں (عربی، چینی، ہائٹین-کریول، کورین، روسی اور ہسپانوی) میں ترجمے کئے جاتے ہیں۔

**کیا HRA ہجرت کی اتھارٹیوں کو میری ذاتی معلومات فراہم کرے گا؟**

HRA کسی کو بھی آپ کی ذاتی معلومات فراہم نہیں کرے گا، علاوہ اس صورت میں کہ یہ کسی قانون کے تحت ضروری ہو۔ NYC کے ایکزیکٹو آرڈر 41 کے تحت شہر کی خدمات حاصل کرنے والے افراد کی رازداری کا تحفظ ضروری ہے۔HRA کا عملہ آپ کی ہجرت کی کیفیت کے متعلق صرف اہلیت کے تعین کے لیے یا قانونی تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے پوچھے گا۔

**عارضی نقد امداد موصول کرنے کی صورت میں، کیا میری ہجرت کا کیس متاثر ہوگا*؟**

U.S. Citizenship and Immigration Services(USCIS) کے مطابق، نقد امداد یا SSI کی وصولی کی وجہ سے آپ کی ہجرت کا کیس متاثر ہوبھی سکتا ہے اور نہیں بھی۔ اس کا انحصار آپ کی صورت حال پر ہے۔

**کھانے کے اسٹامپ موصول کرنے کی صورت میں، کیا میری ہجرت کا کیس متاثر ہوگا*؟**

U.S. Citizenship and Immigration Services (USCIS) کے مطابق کھانے کے اسٹامپ یا کھانے کے حوالے سے کسی بھی دوسری امداد کی موصولی کی صورت میں آپ کی ہجرت کا کیس متاثر نہیں ہوگا۔

**میڈیکیڈ موصول کرنے کی صورت میں، کیا میری ہجرت کا کیس متاثر ہوگا*؟**

U.S. Citizenship and Immigration Services (USCIS) کے مطابق طبی دیکھ بھال، بشمول میڈیکیڈ، کی موصولی کی صورت میں آپ کی ہجرت کا کیس متاثر نہیں ہوگا۔ USCIS کے مطابق نرسنگ ہوم یا کسی دوسرے ادارے میں طویل المیعاد دیکھ بھال کی موصولی کی وجہ سے آپ کی ہجرت کا کیس متاثر بھی ہوسکتا ہے اور نہیں بھی؛ اس کا انحصار آپ کی صورت حال پر ہے۔

**اگر آپ کے ریکارڈ موجود نہ ہوں، کیا آپ اپنے اہل شہری یا غیرشہری بچوں کی مراعات کی درخواست دے سکتے ہیں؟**

ہاں۔

* HRA وہ ایجنسی نہیں ہے جو مراعات کی موصولی کی وجہ سے آپ کے ہجرت کے کیس کے متاثر ہونے کا تعین کرتی ہے، اس کا فیصلہ USCIS کرتی ہے۔ HRA تجویز کرتی ہے کہ شہریت نہ رکھنے والے افراد عوامی مراعات کے ہجرت پر اثر انداز ہونے کے متعلق سوالات کے لیے کسی وکیل سے رجوع کریں۔



انسانی وسائل کے انتظام یا سماجی خدمات کے محکمے میں

# پروگرام، خدمات اور مراعات

نوٹ: «مخصوص ہجرت کی کیفیت» کی اصطلاح میں کئی مختلف اقسام کی ہجرت کی کیفیتیں شامل ہیں۔ نیو یارک کے شہریوں کو اہلیت کی جانچ کے لیے فراہم کردہ نمبروں پر انفرادی پروگرام سے رابطہ کرنے کی ضرورت ہے۔

## عارضی نقد کی امداد

نقد ادائیگی جس میں رہائش، توانائی کے اخراجات اور دیگر اخراجات پورا کرنے کے لیے رقم شامل ہے۔ ٦٠ سال سے کم عمرکے بالغ افراد، جو کسی طرح کی معذوری کا شکار نہ ہوں، یا جنہیں ملازمت میں کوئی دوسری رکاوٹوں کا سامنا نہ ہو، اور جو عارضی نقد ادائیگی حاصل کررہے ہوں، انہیں ہفتے میں ٣٥ گھنٹے کام کرنے یا HRA کی منظور کردہ سرگرمیوں میں حصہ لینے کی ضرورت ہے۔

### اہلیت کا معیار

- امریکی شہری یا مخصوص ہجرت کی کیفیت رکھنے والے افراد اہل ہوسکتے ہیں۔
- اہلیت کا انحصار جزوی طور پر مندرجہ ذیل پر ہے: آپ کی آمدنی، آپ کے وسائل اور آپ کے ساتھ رہنے والے افراد کی تعداد۔
- کئی صورتوں میں، عارضی نقد کی امداد موصول کرنے والے کلائنٹس کو یا تو ملازمت پر مامور ہونے، یا HRA کی منظور کردہ کام کی سرگرمیوں، جیسے کہ تعلیم یا ملازمت کے حوالے سے تربیت، میں حصہ لینے کی ضرورت ہے۔ اہل گھرانوں کو بچوں کی دیکھ بھال جیسی خدمات بھی فراہم کی جاسکتی ہیں۔
- اپنے قریب سنٹر پانے کے لیے: www.nyc.gov/hra
- ٣١١ پر یا HRA کی انفولائن کو٧١٨-٥٥٧-١٣٩٩ پر کال کریں۔

## کھانے کے اسٹامپ / اضافی غذائی امداد کا پروگرام

کم اور درمیانی آمدنی رکھنے والے نیو یارک کے شہریوں، بشمول ملازمت پر مامور گھرانے، سن رسیدگی، اور معذور افراد کو صحت اور غذائیت سے بھرپور کھانا خریدنے میں مدد فراہم کرتا ہے، اس صورت میں بھی جبکہ ان کی آمدنی ہو، گھر یا گاڑی کی ملکیت ہو، بینک اکاونٹ ہو یا نجی صحت کا بیمہ ہو۔ کھانے کے اسٹامپ کے وصول کنندگان کھانا خریدنے کے لیے الیکٹرانک ادائیگی کی منتقلی کے نظام کا استعمال کرتے ہیں۔



- امریکی شہری یا مخصوص ہجرت کی کیفیت رکھنے والے افراد اہل ہوسکتے ہیں۔
- مراعات اور اہلیت کی بنیاد جزوی طور پر مندرجہ ذیل پر ہیں: آپ کی آمدنی، آپ کے اخراجات اور آپ کے ساتھ رہنے والے افراد کی تعداد۔
- انٹرنیٹ کے ذریعے اپنی امکانی اہلیت چیک کریں اور آن لائن درخواست دیں: www.nyc.gov/ACCESSNYC یا www.mybenefits.ny.gov
- آپ فوڈ اسٹامپ کی درخواست ڈاک کے ذریعے بھی بھیج سکتے ہیں: Mail Application & Referral Unit (MARU), P.O. Box ٢٤٥١٠, Brooklyn, NY ١١٢٠١
- فوڈ اسٹامپ سے متعلق مزید معلومات کے لیے ٣١١ یا ١-٨٠٠-٣٤٢-٣٠٠٩ پر کال کریں (اور فوڈ اسٹامپ کے لیے "١" دبائیں)۔
- آن لائن درخواست ڈاؤن لوڈ کریں: www.nyc.gov/hra

## ہنگامی فوڈ کے پروگرام (کھانے کی پینٹریاں)

نیو یارک شہر میں 500 سے زیادہ کھانے کی پینٹریاں کھانے کی تھیلیاں، اور سوپ کچن تیار کھانے فراہم کرتے ہیں۔

**اہلیت کا معیار**

- اہلیت کے لیے کسی شہریت یا ہجرت کی کیفیت کی ضرورت نہیں
- کھانے کی پینٹروں کی اپنی ضروریات ہوتی ہیں۔
- اپنے علاقے میں کھانے کی پینٹری یا سوپ کچن تلاش کرنے کے لیےبراہ کرم ۳۱۱ پر کال کریں۔

## سرکاری صحت کے بیمے کے پروگرام

کم آمدنی رکھنے والے افراد اور گھر والے، حاملہ خواتین، بچے، 65 سال سے زائد عمر کے افراد اور معذور افراد اہل ہوسکتے ہیں، اس صورت میں بھی جب کہ ان کی کسی قسم کی آمدنی ہو، گھر یا گاڑی کی ملکیت ہو، ان کا بینک اکاؤنٹ ہو یا ان کے پاس نجی صحت کا بیمہ ہو۔ SSI موصول کرنے والے افراد اور خاندان خودبخود اہل ہیں۔ نقد تعاون موصول کرنے والے افراد بھی اہل ہیں۔

- عوامی صحت کے بیمے کی دستاویزات سے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لیے، 311 یا HRA کی انفولائن کو 718-557-1399 پر کال کریں، یا اہلیت کی جانچ کے لیے www.nyc.gov/ACCESSNYC پر جائیں

**میڈیکیڈ۔** ہر عمر سے تعلق رکھنے والے افراد کے لیے مفت صحت کا بیمہ۔

- امریکی شہری یا مخصوص ہجرت کی کیفیت رکھنے والے افراد اہل ہوسکتے ہیں۔
- غیرشادی شدہ بالغ افراد، شادی شدہ افراد، بچوں پر مشتمل گھرانے اور بچے اہل ہوسکتے ہیں۔
- اہلیت کا انحصار آمدنی پر، اور معذور، ۶۵ سال سے زائد عمر یا نابینا افراد کی صورت میں وسائل پر ہے۔
- * دستاویزات نہ رکھنے والے درخواست کنندگان ہنگامی طبی صورت حال اور حمل کے دوران دیکھ بھال کے لیے میڈیکیڈ کے لیے اہل ہوسکتے ہیں۔

**Family Health Plus (FHPlus)۔** 19 سے 64 سال کی عمر کے درمیان کے افراد کے لیے مفت صحت کا بیمہ جن کے پاس صحت کا بیمہ نہ ہو اور جن کی آمدنی میڈیکیڈ کے لیے بہت زیادہ ہو۔

**Child Health Plus۔** 19 سال سے کم عمر کے بچوں کے لیے مفت یا کم قیمت کا بیمہ۔

- اہلیت کے لیے کوئی شہریت یا ہجرت کی کیفیت کی ضرورت نہیں
- ۱۹ سے کم عمر کے بچے۔
- خاندان کی آمدنی کے لحاظ سے، Health Child Plus کچھ خاندانوں کے لیے مفت ہے اور دوسروں کو چھوٹا سا ماہانہ پریمیم ادا کرنے کی ضرورت ہوگی۔ زیادہ آمدنی رکھنے والے خاندان مکمل پریمیم ادا کرکے اپنے بچوں کے لیے صحت کی کوریج خرید سکتے ہیں۔





**میڈیکیڈ کے ذریعے حاملہ عورتوں کے لیے حمل کے دوران دیکھ بھال۔** ہر عمر سے تعلق رکھنے والے افراد کے لیے مفت صحت کا بیمہ۔ عورتوں اور نوجوانوں کو مفت حمل کی دیکھ بھال اور دیگر صحت کی خدمات پیش کرتے ہیں۔ حمل کے دوران کی دیکھ بھال کی خدمات کے تحت، حاملہ عورتوں کو حمل سے تعلق رکھنے والی صحت کی خدمات، مثلا لیب کی جانچیں، HIV کی جانچیں، غذائیت سے تعلق رکھنے والی اسکریننگ، اور حمل اور پیدائش سے تعلق رکھنے والی دیگر خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔

**اہلیت کا معیار**

- اہلیت کے لیے کوئی شہریت یا ہجرت کی کیفیت کی ضرورت نہیں۔
- اہلیت آمدنی پر منحصر ہے۔

**خاندانی منصوبہ بندی کی مراعات کا پروگرام۔** بچے پیدا کرنے کی عمر کے عورتوں اور مردوں کے لیے مفت صحت کا بیمہ۔ مرد اور عورتوں کو مفت خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات پیش کرتا ہے۔FPBP میں جنسی طور پر پھیلنے والی بیماریاں، HIV اور سرویکل کینسر، متعلقہ طبی جانچ اور لیب کی جانچیں، منع حمل کے طریقوں کی فراہمی، آلات اور تولیدی کی صحت سے تعلق رکھنے والا سامان شامل ہے۔

- امریکی شہری یا مخصوص ہجرت کی کیفیت رکھنے والے افراد اہل ہوسکتے ہیں۔
- اہلیت آمدنی پر منحصر ہے۔

## Medicare Savings Program (MSP)

میڈیکیئر موصول کرنے والے افراد (عمر یا معذوری کی وجہ سے) کی مدد کرنے کے لیے ان کے ماہانہ میڈیکیئر پریمیم، مشترکہ ادائیگیاں اور/ یا کٹوتیاں ادا کرتے ہیں۔

- امریکی شہری یا مخصوص ہجرت کی کیفیت رکھنے والے افراد اہل ہوسکتے ہیں۔
- درخواست کنندگان کا میڈیکیئر موصول کرنے کی اہلیت رکھنے یا حالیہ طور پر موصول کرنے کی ضرورت ہے۔
- اہلیت آمدنی پر منحصر ہے۔
- درخواست سے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لیے، ۳۱۱ یا HRA کی انفولائن کو ۷۱۸-۵۵۷-۱۳۹۹ پر کال کریں، یا اہلیت کی جانچ کے لیے www.nyc.gov/ACCESSNYC پر جائیں



## گھر میں دیکھ بھال

اہل سن رسیدہ یا معذور افراد کو نرسنگ ہوم یا دوسرے ادارے کے بجائے اپنے گھر میں بحفاظت رہنے میں مدد فراہم کرنے کے لیے میڈیکیڈ سے رقم حاصل کرنے والے طویل المیعاد دیکھ بھال کے پروگرام تک رسائی پیش کرتا ہے۔



### اہلیت کا معیار

- امریکی شہری یا مخصوص ہجرت کی کیفیت رکھنے والے افراد اہل ہوسکتے ہیں۔
- میڈیکیڈ کے لیے اہلیت رکھنے کی ضرورت ہے۔
- کچھ پروگرام آپ کے دستیاب وسائل کو بھی مدنظر رکھتے ہیں۔
- میڈیکیڈ کی طرف سے رقم حاصل کرنے والی دیکھ بھال کی اہلیت ہر پروگرام کے لیے الگ ہے اور اس کا انحصار ڈاکٹر کی تجویز اور طبی اور سماجی معائنے پر ہوتی ہے۔
- ۳۱۱ پر یا HRA کی انفولائن کو ٧١٨-٥٥٧-١٣٩٩ پر کال کریں۔
- مزید معلومات یا درخواست کے فارم کے لیے جائیں: www.nyc.gov/hra

## HIV/AIDS کی خدمات

HIV/AIDS Services Administration (HASA) کلائنٹس جاری کیس کے انتظام کے ساتھ ساتھ، گھر اور ہسپتال کے وزٹ، انفرادی خدمات کی منصوبہ بندی، نقد امداد تک رسائی، میڈیکیڈ، کھانے کے اسٹامپ اور SSI/SSD کی مراعات کی درخواست دینے میں مدد۔ ہنگامی، تبدیلی اور غیرہنگامی رہائشی اور کرایے میں مدد، گھر کی دیکھ بھال اور گھرداری کی خدمات، ملازمت اور پیشہ ورانہ خدمات، کمیونٹی پر مبنی ایجنسیوں کے متعلق معلومات اور تجاویز، روزانہ رہائشی صلاحیتیں رکھنے والے اور دستیاب امداد نظاموں سے تعلق رکھنے والے کلائنٹس اور ان کے خاندانوں کے لیے مشاورت، بچوں پر مشتمل خاندانوں کے لیے سرپرستی اور منصوبہ بندی، اور تدفین کے لیے امداد فراہم کی جاتی ہے۔

- مخصوص خدمات کے لیے کوئی شہریت یا ہجرت کی کیفیت کی ضرورت نہیں
- آپ کو کلینیکل اور علامات پر مبنی HIV کی تشخیص ملنی ضروری ہے، جس طرح سے New York State AIDS Institute نے اس کی تعریف کی ہو، یا Centers for Disease Prevention and Control کی تعریف کے مطابق AIDS کی تشخیص ملنی ضروری ہے اور HIV/AIDS کی کیفیت کی تصدیق کے لیے طبی ثبوت پیش کرنے کی ضرورت ہے۔
- HASA سروس لائن کو ٢١٢-٩٧١-٠٦٢٦ پر کال کریں (پیر سے جمعہ صبح ٩ بجے سے شام ٥ بجے)
- اس پروگرام کی درخواست دینے کے لیے، برائے مہربانی جائیں: www.nyc.gov/hra



## گھریلو تشدد کے لیے معاونت کی خدمات

گھریلو تشدد کے شکار افراد اور ان کے بچوں کے لیے ہنگامی پناہ اور امداد فراہم کرتا ہے۔ تمام پروگراموں میں محفوظ ماحول کے ساتھ ساتھ مشاورت، وکالت اور تجویز کی خدمات شامل ہیں۔



### اہلیت کا معیار

- اہلیت کے لیے کوئی شہریت یا ہجرت کی کیفیت کی ضرورت نہیں
- اگر آپ یا آپ کی نظر میں کوئی شخص گھریلو تشدد، مثلاً جسمانی تشدد، جنسی تشدد، دھمکیوں، زبانی تشدد یا اس کا شکار ہو تو برائےمہربانی نیو یارک شہر کی ٢٤ گھنٹوں کی گھریلو تشدد کی ہاٹ لائن کو اس نمبر پر کال کریں: ١-٨٠٠-٦٢١-HOPE یا 311

## بالغ افراد کے تحفظ کی خدمات

جسمانی یا ذہنی طور پر معذور بالغ افراد کے لیے خدمات اور معاونت کا انتظام کرتے ہیں جنہیں نقصان کا خطرہ درپیش ہو۔ اہل افراد کے خطروں کو حاصل کرنے میں مدد کرکے انہیں اپنے گھر اور کمیونٹیوں میں آزاد اور محفوظ طور پر رہنے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔



- مخصوص خدمات کی اہلیت کے لیے شہریت یا ہجرت کی کیفیت کی ضرورت نہیں۔
- آپ کی عمر کم از کم ١٨ سال اور آپ کو جسمانی یا ذہنی معذوری کا شکار ہونے کی ضرورت ہے۔
- آپ کو کسی کی مدد کے بغیر اپنے وسائل کا انتظام کرنے، روز مرہ کی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے قاصر، یا اپنے آپ کو بے جا تشدد، بے توجہی یا دیگر خطرناک صورت حال سے محفوظ رکھنے سے قاصر ہونے کی ضرورت ہے۔
- آپ کے پاس ایسی کوئی شخص نہیں ہوسکتا ہے جو ذمہ داری کے ساتھ آپ کی مدد کرنے کے لیے تیار ہو۔
- اہلیت کے لیے آمدنی کی کوئی ضروریات نہیں۔
- اپنے آپ کو یا کسی اور کو APS کے لیے تجویز کرنے کے لیے، برائے مہربانی APS کے مرکزی انٹیک کے یونٹ کو ٢١٢-٦٣٠-١٨٥٣ پر کال کریں۔

# مزید معلومات کے لیے

**مندرجہ ذیل وسائل سے رجوع کریں:**

- **HRA کی ویب سائٹ** www.nyc.gov/hra
- **HRA کی انفولائن:** 718-557-1399
- **NYC 311**
- **NYC ACCESS:** www.nyc.gov/ACCESSNYC (مراعات کی اسکریننگ اور درخواستیں - انگریزی، ہسپانوی، روسی، چینی، عربی، ہیٹین، کریول اور کورین زبان میں دستیاب)
- **زبان کا گیٹ وے:** http://www.nyc.gov/html/lg/html/home/home.shtml (NYC پروگرام کی معلومات انگریزی، ہسپانوی، چینی اور روسی زبان میں دستیاب)
- **نیو یارک اسٹیٹ امیگریشن ہاٹ لائن:**212-419-3737

## بچوں کی امداد کا نفاذ

اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ بچے کی تحویل نہ رکھنے والے والدین اپنے بچوں کی پرورش کے لیے ادائیگیاں کرتے ہیں۔ خدمات میں تحویل نہ رکھنے والے والدین کو ڈھونڈ نکالنا، انہیں عدالت میں پیش ہونے کا نوٹس پیش کرنا، والدین ہونے کا ثبوت حاصل کرنے میں مدد کرنا، خاندانی عدالت میں بچوں کی دیکھ بھال اور طبی دیکھ بھال کے احکام، اور ان احکام کی جمع کاری اور نفاذ شامل ہیں۔ غربت میں کمی کے پروگرام کے ذریعے خاندانوں کو مالی طور پر خودمختار بنا کر دیگر مدد کی ضرورت میں کمی لائی جاسکتی ہے۔

**اہلیت کا معیار**

- اہلیت کے لیے کوئی شہریت یا ہجرت کی کیفیت کی ضرورت نہیں
- اہلیت کے لیے آمدنی کی کوئی ضرورت نہیں۔
- مزید معلومات کے لیے ۳۱۱، HRA کی انفولائن کو ۷۱۸-۵۵۷-۱۳۹۹ پر، یا NYS بچوں کی معاونت کی ہاٹ لائن کو ۱-۸۸۸-۲۰۸-٤٤٨٥ پر کال کریں یا پر جائیں: www.nyc.gov/hra اور www. newyorkchildsupport.com

## گھریلو توانائی کے پروگرام اور یوٹیلیٹی میں معاونت کا پروگرام

اس کے ذریعے کم آمدنی والی گھر کے مالکان اور کرایہ دارکو ایندھن، آلات اور مرمت کی بلوں کی ادائیگی میں مدد فراہم کی جاتی ہے۔ اس کے ذریعے سن رسیدہ، نابینا، معذور، ذہنی طور پر معذور یا بے توجہی کا شکار یا خطرناک ماحول میں رہنے والے افراد کو توانائی کی بل کی ادائیگی میں مدد فراہم کی جاتی ہے۔

- امریکی شہری یا مخصوص ہجرت کی کیفیت رکھنے والے افراد اہل ہوسکتے ہیں۔
- اہلیت آمدنی پر منحصر ہے۔
- HEAP ہاٹ لائن ۱-۸۰۰-۶۹۲-۰۵۵۷.
- LINE HEAT (گھر کے لیے محدود خدمات) ۲۱۲-۳۳۱-۳۱۵۰.
- یوٹیلیٹی میں امداد کے لیے: یوٹیلیٹی کی کمپنیاں تمام کلائنٹ کی تجویز دیتے ہیں۔

## تدفین میں معاونت

HRA نیو یارک شہر کے رہائشیوں کو تدفین کے اخراجات پورا کرنے کے لیے $900 تک فراہم کرسکتی ہے۔ تدفین کے کل اخراجات $1700 سے تجاوز نہیں ہونی چاہیے۔ اس رقم میں جلانے کے بعد راکھ کی تدفین بھی شامل ہے۔

- اہلیت انفرادی صورت حال کو دیکھتے ہوئے متعین کی جاتی ہے، اور اس کا انحصار کئی مختلف عناصر پر ہوتا ہے۔
- موت واقع ہونے کے ٦٠ روز کے اندر اندر مطالبہ ارسال کرنا ضروری ہے۔ بیشتر اوقات خود حاضر ہو کر انٹرویو میں حصہ بھی لینا ضروری ہے۔
- مزید معلومات کے لیے HRA کی تدفین کے مطالبے کے یونٹ پر کال کریں: ۷۱۸-٤۷۳-۸۳۱۰.

NYC

**Bill de Blasio**
مظان

**لئاسو ی ناسنا**
**ماظتنا اک**
ےئارب ہمکحم
تامدخ ی جامس

**Steven Banks**
نرشیمک

Find us on Facebook **@NYC DADS** | Follow us on Twitter **@NYCHRA** | Watch us on YouTube **@HRANYC**

BRC-947(A)

© Copyright 2015, The City of New York, Human Resources Administration/Department of Social Services.
اس مواد کو مکمل یا جزوی طور پر دوبارہ تخلیق کرنے کے لیے نیو یارک شہر کے انسانی وسائل کے انتظامیہ سے رابطہ کریں۔